میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

منگل، 25جمادی الثانی، 1439ھ | 13/03/2018 | نمبر:PN18019

روس کے ساتھ اتحاد ختم کرو جو مسلمانوں کا کھلا دشمن ہے

مسلم پاک دامن جنت خاتون پر روسی مظالم کے خلاف مذمتی پریس ریلیز کراچی میں روسی قونسل خانے کو دی گئ

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کی مرکزی رابطہ کمیٹی نے ایک پریس ریلیز کراچی میں روسی قونسل خانے کو پہنچائی جس میں مسلمانوں کے خلاف روسی مظالم کی مذمت کی گئی ہے۔ یہ پریس ریلیز روس میں حزب التحریر کے میڈیا آفس نے جاری کی ہے جس کا عنوان ہے: **"نیک اور پاک دامن مسلمان خاتون جنت پیسپالوا دہشت گرد نہیں بلکہ روس دہشت گرد ہے"**۔ جنت خاتون نسلاً روسی نو مسلم ہیں اور انہیں حزب التحریر کے ساتھ کام کرنے کی وجہ سے گرفتار کیا گیا ہے۔ اب جنت خاتون بھی اُن سینکڑوں مسلمانوں میں شامل ہو گئی ہیں جنہیں روسی حکام نے صرف اس وجہ سے گرفتار کر رکھا ہے کہ وہ نبوت کے طریقے پر خلافت کی واپسی کے لیے کام کر رہے ہیں۔

روس ہمیشہ سے اسلام اور مسلمانوں کا دشمن رہا ہے۔ اس نے ماضی میں عثمانی خلافت کے خلاف بننے والے محاذ میں شمولیت اختیار کی۔ روسی ریاست Sverdlovsk کے ریکارڈ کے مطابق اس نے اپنی تاریخ میں ایسے کئی افراد کو زندہ جلانے کا حکم دیا جنہوں نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ روس نے افغانستان پر حملہ اور وحشیانہ قبضہ کیا اور پھر چیچنیا کے مسلمانوں کے خلاف ایک انتہائی خونی جنگ لڑی۔ روس نے وسطی ایشیائی ریاستوں میں اپنے ایجنٹ حکمرانوں کے ذریعے مسلمانوں پر شدید مظالم ڈھائے، جیسا کہ کریموف، اللہ اسے جہنم کے نچلے ترین درجے میں رکھے، جو لوگوں پر تشدد کرنے کے لیے انہیں زندہ ابلتے پانی میں ڈال دیتا تھا۔ اور آج روس گرتے ہوئے شامی جابر بشار کا معاون و مددگار بنا ہوا ہے اور مشرقی غوطہ پر وحشیانہ بمباری کرتے ہوئے اسپتالوں، اسکولوں اور گھروں تک کو نشانہ بنا رہا ہے۔

لیکن اسلام اور مسلمانوں کے خلاف کھلی روسی جارحیت کے باوجود پاکستان کے حکمرانوں نے اس کے خلاف احتجاج میں اپنی آواز تک بلند کرنا گوارا نہ کیا۔ اس سے بھی برا عمل یہ ہے کہ پاکستان کے حکمرانوں نے روس کے ساتھ اشتراک عمل بڑھاتے ہوئے اس کے ساتھ مشترکہ فوجی مشقیں کیں جبکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَىٰ إِخْرَاجِكُمْ أَن تَوَلَّوْهُمْ وَمَن يَتَوَلَّهُمْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ"

اللہ ان ہی لوگوں کے ساتھ تم کو دوستی کرنے سے منع کرتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے بارے میں لڑائی کی اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے میں اوروں کی مدد کی۔ تو جو لوگ ایسوں سے دوستی کریں گے وہی ظالم ہیں" (الممتحنۃ:9)۔

لہٰذا پاکستان کے مسلمانوں سے حزب التحریر ولایہ پاکستان یہ کہتی ہے کہ وہ مسلمانوں کے خلاف روسی مظالم پر اپنی آواز بلند کریں اور روس کے ساتھ غدارانہ اتحاد بنانے پر پاکستان کے حکمرانوں کا کڑا احتساب کریں۔ اور حزب مسلمانوں سے یہ بھی کہتی ہے کہ نبوت کے طریقے پر خلافت کے دوبارہ قیام کے لیے حزب التحریر کے ساتھ کام کریں جو دشمنوں کے خلاف امت مسلمہ کو یکجا اور مضبوط کرے گی۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس